# PROVINCIAL ASSEMBLY SECRETARIAT OF KHYBER PAKHTUNKHWA

No. PA/Khyber Pakhtunkhwa/L-II (Q) /2025/ 4214
Dated Peshawar, the 24 /02/2025

**MOST IMMEDIATE**
**ASSEMBLY BUSINESS**
**PH # 091-9210489 Ext: (1216)**

To,

All the Administrative Secretaries,
Government of Khyber Pakhtunkhwa.

Subject: - **ALLOTMENT OF DAYS FOR ANSWERING QUESTIONS FOR 5TH SESSION OF THE PROVINCIAL ASSEMBLY OF KHYBER PAKHTUNKHWA.**

Dear Sir,

I am directed to refer to the subject cited above and to inform you that under rule 37 of the Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa Procedure and Conduct of Business Rules, 1988, Mr. Speaker has been pleased to allot days to various Administrative Departments in order of rotation for answering questions in the Provincial Assembly Session as at Annexure-I.

**2.** Questions in 105th, 106th, 107th, 108th ,109th ,110th ,111th ,112th ,113th and 114th groups as at Annexure-II will be taken-up on 3rd, 4th, 5th, 6th, 7th, 10th , 11th ,12th ,13th and 14th March, 2025, respectively, for the 5th Session of the Assembly. Moreover, replies to the questions, if already not sent, shall be sent at least two clear days before the day fixed for their replies.

**3.** In case of non receipt of reply to a question, blank question will be placed on the list of business, and in that case, any inconvenience caused to the Minister, the Department will be responsible.

**Note: -** **Allotment of days along-with list of questions can also be downloaded from the official website of the Provincial Assembly on the given link:- www.pakp.gov.pk**

Yours faithfully,

**(SARMAD ULLAH KHAN AFRIDI)**
**ASSISTANT SECRETARY-XI**

E. No. PA/Khyber Pakhtunkhwa/L-II (Q) /2025/ 4215 - 29 Dated 24 /02/2025

Copy of the above is forwarded for information & necessary action to:-

1. All the Provincial Ministers, Khyber Pakhtunkhwa.
2. All the Advisors to Chief Minister, Khyber Pakhtunkhwa.
3. All the Special Assistants to Chief Minister, Khyber Pakhtunkhwa.
4. All the Honorable Members of the Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa.
5. The Principal Secretary to Chief Minister, Khyber Pakhtunkhwa.
6. The Principal Secretary to Governor, Khyber Pakhtunkhwa.
7. All the Additional Secretaries, Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa.
8. The Additional Director IT, Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa.
9. All the Deputy Secretaries, Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa.
10. All the Assistant Secretaries, Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa.
11. The Senior Private Secretary to Mr. Speaker, Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa for information of the Honorable Speaker.
12. The Private Secretary to Chief Secretary, Khyber Pakhtunkhwa for information of the Chief Secretary.
13. The Assistant Director Coordination & Protocol, Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa.
14. The Private Secretary to Deputy Speaker, Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa for information of the Honorable Deputy Speaker.
15. The P.A to Special Secretary, Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa for information of the Special Secretary.

**ASSISTANT SECRETARY-XI**

**ANNEXURE-I**

## ALLOTMENT OF DAYS FOR THE 5TH SESSION OF THE PROVINCIAL ASSEMBLY OF KHYBER PAKHTUNKHWA

| Group No. | Date of Sitting | Name of Departments |
|---|---|---|
| 105th | Monday 03rd March, 2025 | • Relief, Rehabilitation & Settlement<br>• Finance<br>• Irrigation<br>• Zakat, Ushr, Social Welfare & Women Empowerment |
| 106th | Tuesday 04th March, 2025 | • Higher Education, Archives & Libraries<br>• Elementary & Secondary Education<br>• Food<br>• Energy & Power |
| 107th | Wednesday 05th March, 2025 | • Communication & Works<br>• Local Government, Elections & Rural Development |
| 108th | Thursday 06th March 2025 | • Culture, Tourism, Archaeology & Museum<br>• Planning & Development<br>• Health<br>• Establishment |
| 109th | Friday 07th March, 2025 | • Minerals Development<br>• Revenue & Estate<br>• Climate change, Forestry, Environment and wildlife<br>• Labour<br>• Industries, Commerce & Technical Education<br>• Excise, Taxation & Narcotics Control |
| 110th | Monday 10th March, 2025 | • Finance<br>• Irrigation |
| 111th | Tuesday 11th March, 2025 | • Food<br>• Higher Education, Archives & Libraries<br>• Elementary & Secondary Education<br>• Inter Provincial Coordination |
| 112th | Wednesday 12th March, 2025 | • Agriculture<br>• Communication & Works<br>• Law, Parliamentary Affairs & Human Rights<br>• Local Government, Elections & Rural Development<br>• Live Stock, Fisheries & Cooperative<br>• Public Health Engineering |
| 113th | Thursday 13th March, 2025 | • Planning & Development<br>• Health<br>• Establishment<br>• Culture, Tourism, Archaeology & Museum<br>• Home & Tribal Affairs |
| 114th | Friday 14th March, 2025 | • Minerals Development<br>• Revenue & Estate<br>• Industries, Commerce & Technical Education<br>• Climate change, Forestry, Environment and wildlife |

**ANNEXURE-II**

# صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ خیبر پختونخوا

پانچویں اجلاس کا 105 واں گروپ

## نشان زدہ سوالات (Starred Questions)

جو کہ 03 مارچ 2025ء کو منعقدہ اجلاس کے دوران دریافت کئے جائینگے۔

**Notice Date :** Jun 10, 2024 -- 10:32 AM - Mon
سوال نمبر **Question # 168**
**Sent to Dept Date:** Jun 12, 2024 - Wed
جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر آبپاشی ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) ارسا معاہدے (IRSA Accord) کے مطابق صوبہ خیبر پختونخوا کو پانی کا کتنا فیصد حصہ دیا جاتا ہے؟

(ب) متعلقہ پانی کو صوبے کے کن کن اضلاع میں استعمال کیا جاتا ہے نیز غیر استعمال شدہ پانی کونسا صوبہ اور کتنا استعمال کرتا ہے تفصیل فراہم کیا جائے۔

**Notice Date :** Jun 10, 2024 -- 10:38 AM - Mon
سوال نمبر **Question # 171**
**Sent to Dept Date:** Jun 12, 2024 - Wed
جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر امداد، بحالی و آبادکاری ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ مورخہ 24 مارچ 2018 کو ڈیرہ اسمعیل خان بمقام سکندر جنوبی تحصیل پُروا میں بم دھماکہ ہوا تھا؟

(ب) اگر الف کا جواب اثبات میں ہو تو مذکورہ بم دھماکے میں کتنے افراد زخمی / شہید ہوئے تھے اور مذکورہ متاثرہ لوگوں کیلئے حکومت کی طرف سے اب تک کیا اقدامات اٹھائیں گئے ہیں مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 10, 2024 -- 10:46 AM - Mon
سوال نمبر **Question # 179**
**Sent to Dept Date:** Jun 12, 2024 - Wed
جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر آبپاشی ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ صوبہ خیبر پختونخوا چشمہ رائٹ بینک لفٹ کینال منصوبے سے زرعی لحاظ سے خود کفیل ہو سکتا ہے؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ یہ صوبے کی معیشت کیلئے نہایت اہم منصوبہ ہے؟

(ج) آیا یہ بھی درست ہے کہ سابقہ وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا نے اس اہم منصوبے کی فزیبلٹی اور پی سی ون کو حتمی شکل دینے کے احکامات جاری کئے تھے

(د) اگر (الف) تا (ج) کے جوابات اثبات میں ہوں تو

(i) مذکورہ منصوبے کی فزیبلیٹی رپورٹ فراہم کی جائے؟

(ii) منصوبے سے جنوبی اضلاع کی کتنی زمین سیراب ہو گی؟

(iii) منصوبے کا ماسٹر پلان، پی سی ون اور مدت تکمیل کی تفصیلات بھی فراہم کی جائیں۔

**Notice Date :** Jun 10, 2024 -- 11:04 AM - Mon
سوال نمبر **Question # 213**
**Sent to Dept Date:** Jun 13, 2024 - Thu
محترمہ ثوبیہ شاہد صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر خزانہ ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ M. Phil الاونس کیلئے مختلف محکمہ جات کے سینکڑوں ملازمین کی طرف سے درخواستیں محکمہ خزانہ کو موصول ہوئی ہیں

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ من پسند مخصوص لوگوں کو یہ الاونس دیا گیا اور میرٹ سے ہٹ کر فیصلے کئے گئے ہیں؟

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو محکمہ کے پاس کتنے کیس M.Phil الاونس کے لیے پینڈنگ ہیں اور کتنے ہو چکے ہیں کی تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Aug 23, 2024 -- 11:06 AM - Fri
**Question # 451** **سوال نمبر**
**Sent to Dept Date:** Oct 28, 2024 - Mon
**جناب عدنان خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر سوشل ویلفئیر ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ حکومت نے رمضان پیکج کے تحت حلقہ وائز ایک کروڑ اور فی کس 10 ہزار روپے دینے کا اعلان کیا تھا؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو اب تک کتنی رقم مستحقین کو ادا کی گئی اور کس طریقہ کار کے تحت ادا کی گئی؟ آیا مذکورہ رقم منتخب نمائندوں ایم پی ایز کے ذریعے تقسیم کی گئی ہے یا نہیں؟ تفصیل فراہم کی جائے۔

# صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ خیبر پختونخوا

پانچویں اجلاس کا 106واں گروپ

## نشان زدہ سوالات(Starred Questions)

جو کہ 04مارچ 2025ء کو منعقدہ اجلاس کے دوران دریافت کئے جائینگے۔

**Notice Date :** Jul 19, 2024 -- 12:31 PM - Fri
**Question # 346**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 22, 2024 - Mon
**محترمہ ریحانہ اسماعیل صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر خوراک ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) رمضان المبارک سال 2024 کے رمضان پیکج پر کل کتنی رقم کس کس مد میں خرچ ہوئی؟ مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

(ب) رمضان پیکج کے تحت غرباءاور مساکین میں جو رقم تقسیم ہوئی اس کی مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

(ج) جن افراد میں رمضان پیکج تقسیم ہوا ان کے نام بمع شناختی کارڈ کاپی اور جتنی رقم دی گئی اس کی تفصیل فراہم کی جائے

**Notice Date :** Jul 19, 2024 -- 12:33 PM - Fri
**Question # 344**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 22, 2024 - Mon
**محترمہ ریحانہ اسماعیل صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر ابتدائی وثانوی تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) فاٹاانضمام کے بعد کل کتنے بیسک ایجوکیشن کیمونٹی سکولز فعال ہیں اور اس میں کل کتنے اساتذہ برسر روزگار ہیں؟

(ب) کیاان اساتذہ کی تنخواہیں بروقت ادا ہوتی ہیں؟

(ج) کیاان اساتذہ کی تنخواہیں کم ازکم اجرت کے قانون کے مطابق ادا ہوتی ہیں؟

(د) کیاان بیسک سکولز میں بنیادی سہولیات میسر ہیں جیسا کہ فرنیچر، کتابیں، سٹیشنری میٹریل وغیرہ؟

(ہ) اگر (الف) تا (د) کے جوابات اثبات میں ہوں تو ان مسائل کے حل کیلئے محکمہ کے پاس کیالائحہ عمل ہے اور اس پر کب عمل درآمد ہوگا تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Aug 12, 2024 -- 04:05 PM – Mon
**Question # 410**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Sep 03, 2024 - Tue
**محترمہ ثوبیہ شاہد صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر ابتدائی وثانوی ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیایہ درست ہے کہ محکمہ میں دیگر محکموں سے ڈیپوٹیشن پر ملازمین کو تعینات کیا گیا ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

(i) ان ملازمین کی فہرست بمعہ نام، عہدہ، مدت ملازمت اور اب کن آسامیوں پر تعینات ہیں؟ 2022 سے تاحال کی تفصیل فراہم کی جائے۔

(ii) نیز ان کو کس قانون کے تحت ڈیپوٹیشن پر تعینات کیا گیا ہے؟

**Notice Date :** Aug 12, 2024 -- 04:06 PM - Mon
**Question # 411**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Sep 04, 2024 - Wed
**محترمہ ثوبیہ شاہد صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر برائے اعلیٰ تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیایہ درست ہے کہ محکمہ میں دیگر محکموں سے ڈیپوٹیشن پر ملازمین کو تعینات کیا گیا ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو:

(i) توان ملازمین کی فہرست بمعہ نام، عہدہ، مدت ملازمت اور اب کن آسامیوں پر تعینات ہیں؟ سال 2022 سے تاحال کی تفصیل فراہم کی جائے۔

(ii) نیز ان کو کس قانون کے تحت ڈیپوٹیشن پر تعنیات کیا گیا ہے۔؟

**Notice Date :** Sep 11, 2024 -- 10:04 AM - Wed
**Question # 469**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Oct 01, 2024 - Tue
**جناب ملک عدیل اقبال صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر ابتدائی وثانوی تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ گذشتہ حکومت نے صوبہ بھر میں نئے سکولز تعمیر کئے ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو میرے حلقہ نیابت پی کے 48 میں طلباء وطالبات کے کل کتنے پرائمری، مڈل وہائیر سیکنڈری سکولز تعمیر کئے گئے ہیں تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Sep 20, 2024 -- 10:48 AM - Fri
**Question # 501**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Oct 14, 2024 - Mon
**محترمہ ثوبیہ شاہد صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر خوراک ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ خوراک میں فوڈانسپکٹرز پشاور میں دکانداروں اور ریڑھی بانوں کو جرمانے کرتے ہیں؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ 2020 سے لے کر 19 ستمبر 2024 تک مختلف دکانداروں اور ریڑھی بانوں کو جرمانے کیے گئے ہیں؟

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو:۔

(i) مذکورہ وقت میں جرمانے کئے گئے دکانداروں اور ریڑھی بانوں کے نام / ولدیت، جرمانوں کی تفصیلات بمعہ جرمانے کی فوٹو کاپی اور جرمانہ عائد کرنے والے افسران کی مکمل تفصیلات فراہم کی جائے۔

(ii) جن افسران نے مختلف جرمانے معاف کروائے ہیں ان کی تفصیلات بمعہ وجوہات بتائی جائیں۔

(iii) مذکورہ جرمانوں میں محکمے کا کتنا فیصد حصہ ہوتا ہے تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Sep 30, 2024 -- 04:36 PM - Mon
**Question # 510**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Oct 15, 2024 - Tue
**جناب جوہر محمد صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر توانائی وبرقیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ او جی ڈی سی ایل سے صوبے کو گیس ذخائر کی مد میں رائیلٹی ملتی ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

(i) سال 2019ء سے لے کر اب تک مذکورہ مد میں صوبائی حکومت کو کتنی رائیلٹی موصول ہوئی ہے؟ اس کی سالانہ وار تفصیل فراہم کی جائے

(ii) نیز مذکورہ رائیلٹی سے صوبے میں کل کتنے منصوبے شروع کئے گئے ہیں اور کس کس مد میں خرچ کئے گئے ہیں؟ اس کی تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Oct 07, 2024 -- 03:33 PM - Mon
**Question # 514**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Oct 14, 2024 - Mon
**محترمہ شہلا بانو صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر ابتدائی وثانوی تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ صوبے بھر کے گرلز وبوائز سکولوں میں خصوصی افراد کے کوٹے پر اساتذۃ بھرتی کرنے کا ارادہ رکھتی ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

(i) کیا مذکورہ آسامیوں کے لیے اشتہار دیا گیا ہے؟ اگر جواب ہاں میں ہو تو اشتہار کی کاپی فراہم کی جائے۔

(ii) ضلع ایبٹ آباد میں خصوصی افراد کے کوٹے میں کل کتنی آسامیاں کون کون سی کیٹگری میں کن کن سکولوں میں خالی ہیں؟ نیز میل و فی میل سکولوں میں خصوصی افراد کے کوٹے کے علاوہ کونسی کیٹیگری میں دیگر آسامیوں پر تقرریاں کب کی گئی تفصیل بمعہ دستاویزات فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Oct 07, 2024 -- 03:36 PM - Mon
**Question # 493**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Oct 14, 2024 - Mon
**محترمہ شہلا بانو صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیرابتدائی وثانوی تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیایہ درست ہے کہ گزشتہ حکومت نے صوبہ میں نئے سکولز تعمیر کئے ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو ضلع ایبٹ آباد میں طلباء وطالبات کے کل کتنے پرائمری مڈل وہائیر سیکنڈری سکولز تعمیر کئے گئے ہیں ۔تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Oct 15, 2024 -- 03:30 PM - Tue
**Question # 524**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Oct 21, 2024 - Mon
**جناب احسان اللہ خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیرابتدائی وثانوی تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیایہ درست ہے کہ حال ہی میں پورے صوبے اور ضلع ڈیرہ اسماعیل خان میں مختلف سکولوں کو اپ گریڈ کیا گیا ہے اور نئے سکولوں کی تعمیر بھی ہوئی ہیں۔

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

(i) تاحال ڈیرہ اسماعیل خان میں کتنے سکول، کہاں کہاں اپ گریڈ کئے گئے ہیں اور ضلع ڈیرہ اسماعیل خان میں تاحال کتنے نئے سکول کہاں کہاں پر تعمیر کئے گئے ہیں، تحصیل وائز مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

(ii) نیز تحصیل درابن، تحصیل درازندہ اور تحصیل کلاچی میں باوجود اس کے کہ یہ علاقے کافی پسماندہ ہیں، سکول کیوں اپ گریڈ نہیں کئے گئے اور ناہی نئے سکول تعمیر کئے گئے ہیں، اس حوالے سے سکولوں کی اپ گریڈیشن اور نئے سکولوں کی تعمیر کے حوالے سے صوبائی حکومت نے کیا کسوٹی رکھی ہے، تفصیل سے فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Oct 16, 2024 -- 02:41 PM - Wed
**Question # 527**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Oct 21, 2024 - Mon
**محترمہ عاصمہ عالم صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) تحصیل ٹوپی میں پرائمری، مڈل اور ہائی سکول برائے گرلز اور بوائز کی کل تعداد کتنی ہے؟

(ب) مذکورہ سکولوں میں کون کون سے سٹاف کی کمی ہے؟ میل اور فی میل سٹاف کی الگ الگ تفصیل فراہم کی جائے۔ نیز سٹاف کی کمی کب تک پوری کر دی جائے گی

# صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ خیبر پختونخوا

پانچویں اجلاس کا 107واں گروپ

## نشان زدہ سوالات (Starred Questions)

جو کہ 05مارچ 2025ء کو منعقدہ اجلاس کے دوران دریافت کئے جائینگے۔

**Notice Date :** Sep 20, 2024 -- 10:45 AM - Fri
**Question # 498** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Oct 14, 2024 - Mon
محترمہ ثوبیہ شاہد صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر مواصلات و تعمیرات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ 2010 سے 2024 تک ضلع دیر بالا میں سیلاب سے تباہ شدہ پلوں اور روڈز کی دوبارہ مرمت کیلئے فنڈز ریلز کیا تھا؟

(ب) آیا بھی درست ہے کہ محکمہ نے دیر بالا میں سیلاب سے تباہ شدہ پلوں کی بحالی کا کام شروع کیا تھا؟

(ج) آیا بھی درست ہے کہ ان میں سے کچھ پلوں اور سڑکوں پر کام جاری ہوا تھا۔ جبکہ بعض پلوں پر کام شروع کر کے ادھورا چھوڑ دیا گیا ہے ؟

(د) اگر (الف) تا (ج) کے جوابات اثبات میں ہو تو:-

(i) جن پلوں پر کام ادھورا چھوڑ دیا گیا کو کب تک مکمل کیا جائے گا۔ جن پلوں پر کام شروع نہیں کیا گیا ہے ان پر کام کب تک شروع کیا جائے گا

(ii) مذکورہ سڑکوں اور پلوں کی تعمیر میں سست روی کی وجوہات کیا ہے مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Dec 12, 2024 -- 02:50 PM - Thu
**Question # 638** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Feb 06, 2025 - Thu
جناب سردار شاہجہان یوسف صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر مواصلات و تعمیرات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ضلع مانسہرہ میں ہزارہ یونیورسٹی کے نزدیک سی پیک کے تحت سات (7) کلومیٹر لمبا منجیل روڈ منظور ہوا تھا؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ روڈ کا ٹینڈر بھی ہوا تھا؟ اور دو سال سے ٹھیکدار ورک آرڈر کے انتظار میں ہے ؟

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو:

(i) مذکورہ روڈ کا ٹھیکہ کس ٹھیکدار کو دیا گیا ہے ؟ اس کا کل تخمینہ لاگت کتنا ہے ؟ اور مکمل ہونے کی معیاد کتنی ہے ؟

(ii) مذکورہ روڈ کا ٹینڈر ہونے کے باوجود ٹھیکدار نے کام شروع کیوں نہیں کیا؟ اس کے خلاف کیا کارروائی کی گئی ہے ؟ تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Dec 12, 2024 -- 02:51 PM – Thu
**Question # 643** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Feb 06, 2025 - Thu
جناب سردار شاہجہان یوسف صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر مواصلات و تعمیرات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ضلع مانسہرہ میں بفہ دوراہا یا روڈ تا بفہ وایا بجنہ روڈ کا دو سال پہلے ٹینڈر ہوا تھا؟ اور ٹھیکدار کو ٹھیکہ بھی ملا تھا؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو مذکورہ روڈ پر کام شروع کیوں نہیں کیا گیا؟ اس کا ٹھیکہ کس ٹھیکدار کو دیا گیا ہے ؟ تخمینہ لاگت کتنا ہے اور روڈ مکمل ہونے کی معیاد کتنی ہے ؟ تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Dec 12, 2024 -- 02:52 PM - Thu
**Question # 639** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Feb 06, 2025 - Thu
جناب سردار شاہجہان یوسف صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر مواصلات و تعمیرات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) گزشتہ تین سالوں میں ضلع مانسہرہ میں کتنے روڈز R&M فنڈ کے ذریعے مرمت کیے گئے ہیں۔ سالانہ، حلقہ وار اور روڈز کی لمبائی بمعہ تخمینہ کی تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Dec 17, 2024 -- 02:50 PM - Tue
**Question # 616**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Dec 30, 2024 - Mon
**محترمہ ثوبیہ شاہد صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر بلدیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ پشاور رنگ روڈ کی تعمیر کا کام سال 2008-2010 کے دروان شروع ہوا تھا؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ اتنا عرصہ گزر جانے کے باوجود بھی 8.5 کلومیٹر روڈ کی تعمیر باقی ہے؟

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو حکومت کب تک اس روڈ کو مکمل کرنے کا ارادہ رکھتی ہے؟ اور کس وجہ سے اس منصوبے میں اتنی تاخیر ہوئی ہے، نیز اس پر کام کیوں رُکا ہوا ہے؟ تفصیل فراہم کریں۔

**Notice Date :** Jan 17, 2025 -- 12:28 PM - Fri
**Question # 642**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Feb 06, 2025 - Thu
**جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر بلدیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ مقامی حکومتوں کا آڈٹ ہر سال آڈیٹر جنرل تیار کرتے ہیں۔

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو مذکورہ رپورٹ تیار ہونے کے بعد کن حکام کو کس قانون / جواز کے تحت پیش کیا جاتا ہے

(ج) مذکورہ سالانہ رپورٹ گورنر کو پیش کیا جاتا ہے یا نہیں تفصیل فراہم کی جائے۔۔ نیز اس رپورٹ کیلئے موزوں فورم کونسی ہے۔ مکمل تفصیل فراہم کی جائیں۔

**Notice Date :** Jan 20, 2025 -- 11:53 AM - Mon
**Question # 636**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Feb 06, 2025 - Thu
**محترمہ عاصمہ عالم صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر مواصلات و تعمیرات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ موجودہ حکومت نے ضلع جنوبی وزیرستان (سابقہ فاٹا) محکمہ مواصلات و تعمیرات کے شعبے کے لئے ترقیاتی فنڈز مختص کئے گئے ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو مذکورہ محکمے کے لئے کل کتنا فنڈ مختص کیا گیا ہے؟ اس میں سے کتنا فنڈ ریلیز کیا گیا ہے؟ اور کتنا فنڈ تاحال خرچ کیا ہے؟ مکمل تفصیل فراہم کیا جائے۔

# صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ خیبر پختونخوا

پانچویں اجلاس کا 108واں گروپ

نشان زدہ سوالات(Starred Questions)

جو کہ 06مارچ 2025ء کو منعقدہ اجلاس کے دوران دریافت کئے جائینگے۔

**Notice Date :** Sep 12, 2024 -- 06:40 PM - Thu
سوال نمبر**Question # 518**
**Sent to Dept Date:** Oct 14, 2024 - Mon
**جناب عدنان خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر منصوبہ بندی و ترقیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ فاٹا ریگولرائزیشن ایکٹ 2022 کے تحت محکمہ پی اینڈ ڈی کے گریڈ 1 سے 19 کے 226 ملازمین کو ریگولرائز کیا گیا ہے؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ ان 226 ملازمین کو پی پی ایس (Provincial Planning Services) اور منسٹیریل کیڈر میں ایڈجسٹ کیا گیا ہے؟

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو اب تک ان میں سے 44 افسران کو پی پی ایس (Provincial Planning Services) اور باقی ملازمین کو مینسٹیریل کیڈر میں ایڈجسٹ کیوں نہیں کیا گیا؟ نیز کب تک انہیں مطلوبہ پی پی ایس کیڈر میں شامل کیا جائے گا؟ تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Sep 20, 2024 -- 10:46 AM - Fri
سوال نمبر**Question # 499**
**Sent to Dept Date:** Oct 14, 2024 - Mon
**محترمہ ثوبیہ شاہد صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر صحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ حلقہ پی کے 12 دیر بالا صوبے کا دور افتادہ پہاڑی اور دشوار گزار علاقہ ہے؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ حلقے میں صحت کے بنیادی مراکز کی کمی ہے اور ڈاکٹرز، نرسز، LHV's اور دوائیاں بھی نہ ہونے کے برابر ہیں؟

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو:

(i) مذکورہ حلقے میں محکمہ نے نئے BHU's اور ڈسپنسریز بنانے اور موجودہ ہسپتالوں کو ڈاکٹروں، نرسز، لیبارٹریز اور ادویات کی فراہمی کیلئے کیا اقدامات کئے ہیں؟ تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Oct 07, 2024 -- 03:30 PM - Mon
سوال نمبر**Question # 494**
**Sent to Dept Date:** Oct 14, 2024 - Mon
**محترمہ شہلا بانو صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر صحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) ضلع ایبٹ آباد میں کٹیگری ڈی کے کتنے ہسپتال، بنیادی مراکز صحت، آر ایچ سیز اور ڈسپنسریاں کہاں کہاں پر قائم ہیں؟

(ب) مذکورہ ڈسپنسریوں، بنیادی مراکز صحت میں کتنے کرایہ کی بلڈنگ میں قائم ہیں۔ ان کا ماہانہ کرایہ کتنا ہے؟ تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Oct 07, 2024 -- 03:31 PM - Mon
سوال نمبر**Question # 492**
**Sent to Dept Date:** Oct 14, 2024 - Mon
**محترمہ شہلا بانو صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر عملہ ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ سالانہ ترقیاتی پروگرام برائے مالی سال 2021-22 اور 2023-24 میں محکمہ کو مختلف مدات میں ترقیاتی فنڈز ملے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو مذکورہ مالی سال میں ملنے والی رقم کو کہاں پر کتنا کتنا خرچ کیا گیا اور کتنے فنڈز مختص ہوئے؟ تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Oct 07, 2024 -- 03:32 PM – Mon
سوال نمبر**Question # 490**
**Sent to Dept Date:** Oct 14, 2024 - Mon
**محترمہ شہلا بانو صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر سیاحت و ثقافت وازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) ضلع ایبٹ آباد میں علاقائی ثقافت کے فروغ کے لیے حکومت کس قسم کے اقدامات اٹھا رہی ہے اور اس مقصد کے لیے جو حکمت عملی اختیار کی جا رہی ہے اس کی تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Oct 07, 2024 -- 03:34 PM - Mon
**Question # 512**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Oct 15, 2024 - Tue
**محترمہ شہلا بانو صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر صحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ہسپتالوں میں صحت کارڈ پر مریضوں کا علاج معالجہ ہو رہا ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

(i) سال 2018 سے اب تک کتنے مریضوں کا علاج ممکن ہو سکا ہے؟

(ii) موجودہ حکومت کے دور میں HMC-KTH-LRH اور کڈنی سنٹر حیات آباد میں کل کتنے مریضوں کا علاج صحت کارڈ پر کیا گیا۔ ہر ہسپتال کی الگ الگ تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Oct 07, 2024 -- 03:35 PM - Mon
**Question # 505**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Oct 14, 2024 - Mon
**محترمہ شہلا بانو صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر منصوبہ بندی و ترقیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) سپیشل ڈیولپمنٹ یونٹ (SDU) نے سال 2022 سے تاحال کتنے پراجیکٹ کہاں کہاں شروع کئے ہیں ہر ایک پراجیکٹ کی لاگت کتنی ہے؟

(ب) ان میں سے کتنے پراجیکٹ مکمل ہو چکے ہیں اور کتنے زیر تکمیل ہیں ان سب کی تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Oct 07, 2024 -- 06:12 PM - Mon
**Question # 513**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Oct 15, 2024 - Tue
**محترمہ ثوبیہ شاہد صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر سیاحت اور ثقافت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ سیاحت اور ثقافت کو ایک دوسرے میں ضم کر دیا گیا ہے؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ دونوں محکمہ جات کا آپس میں ضم ہونے سے ان کے ملازمین کو کئی مسائل درپیش ہیں؟

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو:

(i) مذکورہ محکمہ جات کے ملازمین کی علیحدہ علیحدہ گریڈ وائز لسٹ فراہم کی جائے۔

(ii) مذکورہ محکمہ جات کی علیحدہ علیحدہ Job description کی تفصیل فراہم کی جائے۔

(iii) دونوں محکمہ جات کا آپس میں ضم ہونے سے جو مشکلات اور مسائل پیدا ہوئے ہیں۔ ان کی تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Oct 08, 2024 -- 07:15 PM - Tue
**Question # 507**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Oct 14, 2024 - Mon
**جناب عدنان خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر منصوبہ بندی و ترقیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) محکمہ پی اینڈ ڈی کو مالی سال 25-2024 کی اے ڈی پی میں کل کتنے پروجیکٹس ملے ہیں؟

(ب) کیا مذکورہ پروجیکٹس پلاننگ کمیشن کی گائیڈ لائنز کے مطابق مقررہ مدت میں مکمل نہیں کیے جا سکے ہیں اور ان میں مزید کتنے پروجیکٹس کو ایکسٹینشن دی گئی ہیں یا دوبارہ ریوائیزڈ کئے گئے ہیں؟ تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Oct 08, 2024 -- 07:16 PM - Tue
**Question # 516**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Oct 14, 2024 - Mon
**جناب عدنان خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر منصوبہ بندی و ترقیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ پی اینڈ ڈی میں مختلف پروجیکٹس میں کنسلٹنٹ بھرتی کئے گئے ہیں؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ پی اینڈ ڈی میں پروجیکٹس کے لیے contingent staff بھی رکھا گیا ہے؟

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو

(i) ماہانہ کنسلٹنٹ اور contingent staff کو تنخواہوں کی مد میں کتنی رقم ادا کی جاتی ہے؟

(ii) نیز ان کی بھرتی کا طریقہ کار کیا ہے اور ان کی افادیت کیا ہے تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Oct 08, 2024 -- 07:17 PM - Tue
سوال نمبر **Question # 506**
**Sent to Dept Date:** Oct 14, 2024 - Mon
**جناب عدنان خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر منصوبہ بندی وترقیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے ایم ایس ڈی سیکٹر (Multi Sectoral Development) کے لئے مختص کئے جانے والے سالانہ اربوں روپے محکمہ سو فیصد خرچ نہیں کرتا جبکہ ان میں سے زیادہ تر حصہ وقتاً فوقتاً دوسرے سکٹرز کو re-appropriate کیا جاتا ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو پچھلے 5 سالوں میں MSD سیکٹر کی ان پراجیکٹس میں مختص کی گئی، خرچ کی گئی اور دوسرے سیکٹرز کو re-appropriate کی گئی رقم کی تفصیل علیحدہ علیحدہ فراہم کی جائے۔

# صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ خیبر پختونخوا

پانچویں اجلاس کا 109 واں گروپ

## نشان زدہ سوالات (Starred Questions)

جو کہ 07 مارچ 2025ء کو منعقدہ اجلاس کے دوران دریافت کئے جائینگے۔

**Notice Date :** Aug 12, 2024 -- 04:08 PM - Mon
**Question # 416** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Sep 06, 2024 - Fri
محترمہ ثوبیہ شاہد صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر آبکاری و محاصل وانسداد منشیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ ہذا سرکاری ملازمین کو سرکاری گاڑیاں فراہم کرتا ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو:۔

(i) تو سال 2022 سے تاحال کن کن محکموں کے ملازمین نے اپنے محکمہ کی توسط سے گاڑیاں حاصل کیں ہیں؟

(ii) ان کی مکمل تفصیل بمعہ نام، عہدہ، محکمہ، تاریخ درخواست اور تاریخ فراہمی فراہم کیں جائیں۔ نیز جو waiting list پر ہیں ان کی بھی تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Oct 24, 2024 -- 04:38 PM - Thu
**Question # 551** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Nov 04, 2024 - Mon
جناب عدنان خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر آبکاری محاصل وانسداد منشیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ ایکسائز کے پاس جن گاڑیوں کی رجسٹریشن کے لئے درخواستیں دی جاتی ہیں ان گاڑیوں کے کاغذات کی ویری فیکیشن کسٹم اتھارٹی سے کیئے جاتے ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:۔

(i) مذکورہ ویری فیکیشن کا طریقہ کار کیا ہے؟ گزشتہ 2 سالوں میں کتنی گاڑیوں کی ویری فیکیشن، جسٹریشن اور خط و کتابت ہوئی ہے؟

**Notice Date :** Nov 11, 2024 -- 04:07 PM - Mon
**Question # 561** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Nov 15, 2024 - Fri
جناب محمد نثار صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر صنعت و حرفت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ نے صنعت کے میدان میں نئے نئے منصوبہ بندیاں کی ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

(i) گزشتہ تین (3) سالوں کے دوران کیا کیا منصوبہ بندی کی گئی ہے؟

(ii) کون کون سے صنعت اور صنعتی تحقیق، تجارت اور سروے کی گئی ہے۔ موجودہ وقت فعال اور غیر فعال صنعت کی مکمل تفصیل فراہم کی جائے

**Notice Date :** Nov 18, 2024 - 02:30 PM - Mon
**Question # 595** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Dec 02, 2024 - Mon
جناب محمد نثار صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر محکمہ لیبر ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) محکمہ کی زیر نگرانی ورکر ویلفئیر بورڈ نے گزشتہ (5) سالوں کے دوران کتنے ترقیاتی منصوبے شروع کئے تھے؟ اور موجودہ وقت کتنے جاری ہیں؟ گزشتہ (5) سالوں کی تفصیل ضلع وائز فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Nov 18, 2024 -- 02:31 PM - Mon
**Question # 599** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Dec 02, 2024 - Mon
جناب محمد نثار صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر ماحولیات و جنگلی حیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) محکمہ کی زیر نگرانی ضم اضلاع میں گزشتہ (3) سالوں کے دوران مختلف سرگرمیوں میں کتنے فنڈز کی منظوری دی گئی؟ اور اس میں سے کتنا استعمال کیا گیا ہے؟ صوبہ کے تمام اضلاع میں استعمال کئے گئے فنڈز کی تفصیل بمعہ کارکردگی، کام اور نوعیت کی مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Nov 18, 2024 -- 02:32 PM - Mon
**Question # 592**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Dec 03, 2024 - Tue
**جناب محمد نثار صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر ٹیکنیکل ایجوکیشن ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیا یہ درست ہے کہ محکمہ ہذا نے نئے ضم اضلاع میں مختلف طریقوں سے تکنیکی اور فنی تعلیم کی سرگرمیاں شروع کی ہیں؟

(ب)اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو تمام نئے ضم اضلاع میں گزشتہ (3) سالوں کی کارکردگی کی تفصیل اور خصوصاً باجوڑ کی مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Nov 25, 2024 -- 11:30 AM - Mon
**Question # 609**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Dec 02, 2024 - Mon
**جناب محمد ریاض صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر معدنیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)معدنیات کی کل کتنی قسمیں ہیں۔سوپ سٹون کے علاوہ جن کمپونیوں نے لیز یا ایپلائی کے لیے افر کی اسکی تفصیل فراہم کریں؟

(ب)سوپ سٹون کا جو سٹاک ضلع کرم کے گوداموں کے اندر پڑا ہے کیا اسی طرح پڑا رہے گا؟ کیا یہ مال خراب نہیں ہوگا؟ گوداموں میں پڑا مال کب تک وہاں سے نکال دیا جائے گا۔ تفصیل فراہم کریں۔

**Notice Date :** Dec 24, 2024 -- 02:25 PM - Tue
**Question # 629**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jan 06, 2025 - Mon
**جناب اکرام اللہ صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر ماحولیات وجنگلات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیا یہ درست ہے کہ محکمہ جنگلات کے تحفظ، غیر قانونی کٹائی روکنے اور جنگلی حیات کے تحفظ کیلئے اقدامات اُٹھا رہے ہیں۔

(ب)آیا یہ بھی درست ہے چیتے، کالے ریچھ اور دیگر جنگلی حیات کو مارنے پر پابندی ہے؟

(ج)اگر (الف) و(ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو

(i) گھریلو مویشیوں کی تنزلی اور زرعی فصلوں کو پہنچنے والے نقصان پر جنگلی حیات کے اثرات کیا ہے، نیز جنگلی حیات کی وجہ سے ہونے والے نقصانات کی تلافی کے لئے کون سی پالیسیاں لاگو کی گئی ہیں؟ تفصیل فراہم کی جائے۔

(ii) فارسٹ ڈویلپمنٹ فنڈ سے معاوضے کے طریقہ کار اور معیار کی تفصیل بھی فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Dec 24, 2024 -- 02:26 PM - Tue
**Question # 631**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jan 06, 2025 - Mon
**جناب اکرام اللہ صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر ماحولیات وجنگلات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیا یہ درست ہے کہ خون خوار جانوروں کے حملوں سے ہلاک وزخمی افراد اور گھریلو مویشیوں کو پہنچنے والے نقصانات کے ازالے کیلئے مالکان کو فارسٹ ڈویلپمنٹ فنڈ سے معاوضہ دیا جاتا ہے؟

(ب)آیا یہ بھی درست ہے محکمہ کو جنگلی جانوروں کے حملوں سے مرنے اور زخمی ہونے والے افراد کو پی ڈی ایم اے اور ضلعی انتظامیہ کی جانب سے بھی امدادی فنڈز فراہم کی جاتی ہے؟

(ج) آیا یہ بھی درست ہے کہ ہزارہ ڈویژن تجارتی مقاصد کیلئے مختلف اقسام کے درخت کاٹے گئے ہیں؟

(د)اگر (الف) سے (ج) تک کے جوابات اثبات میں ہوں تو:۔

(i) اب تک فارسٹ ڈویلپمنٹ فنڈ سے جن افراد کو معاوضہ فراہم کی گئی ہے کی تفصیل فراہم کی جائے۔

(ii) جنگلی حیات کے حملوں میں زخمی یا مرنے والے افراد کے لئے PDMA یا ضلعی انتظامیہ کی طرف سے فراہم کردہ امدادی فنڈز کی بھی تفصیل فراہم کی جائے۔

(iii) ہزارہ کے علاقے میں جنگلی سوروں اور پورکیپائنز کے خاتمے کے لئے کئے گئے مخصوص اقدامات اور استعمال کی گئی حکمت عملیوں اور ان کی تاثیر کا مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

(iv) ہزارہ میں تجارتی مقاصد کے لئے جو درخت کاٹے گئے ہیں یا نکالے گئے ہیں۔ان کا ایک جامع بریک ڈاؤن فراہم کریں۔

(v) درختوں کی اقسام، نکالی گئی مقدار اور صحیح مقامات جہاں کٹائی کی سرگرمیاں ہوئیں کی بھی مکمل تفصیل فراہم کریں

**Notice Date :** Jan 16, 2025 -- 04:30 PM - Thu
**Question # 640**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Feb 07, 2025 - Fri
جناب عدنان خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر لیبر ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ورکرز ویلفیئر بورڈ کے مختلف اضلاع میں مختلف منصوبے جاری یا مکمل ہوئے ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو ورکرز ویلفیئر بورڈ کے 2014 سے 2018 تک ہر ضلع میں کتنے اور کون کون سے منصوبے مکمل ہوئے ہیں؟ ان تمام منصوبوں کی ضلع وار مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jan 20, 2025 -- 11:50 AM - Mon
**Question # 641**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Feb 06, 2025 - Thu
**محترمہ عاصمہ عالم صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر صنعت و حرفت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ موجودہ حکومت نے ضلع اورکزئی (سابقہ فاٹا) محکمہ صنعت و حرفت اینڈ ٹیکنیکل ایجوکیشن کے شعبے کے لئے 25-2024 میں ترقیاتی فنڈز مختص کئے ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو مذکورہ محکمے کے لئے کل کتنا فنڈ مختص کیا گیا ہے؟ اس میں سے کتنا فنڈ ریلیز کیا گیا ہے؟ اور کتنا فنڈ تاحال خرچ کیا ہے؟ مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jan 20, 2025 -- 04:10 PM - Mon
**Question # 637**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Feb 04, 2025 - Tue
**جناب احسان اللہ خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر مال ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ حکومت خیبر پختونخوا نے ضلع ڈیرہ اسماعیل خان میں مختلف موضع جات کیلئے متعلقہ ڈپٹی کمشنر کے ذریعے زمینوں کے نرخ مقرر کر رکھے ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو یہ نرخ کس ضابطہ وقانون کے تحت طے کئے جاتے ہیں اور کیا یہ مارکیٹ ویلیو کے ساتھ مطابقت رکھتے ہیں؟

# صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ خیبر پختونخوا

پانچویں اجلاس کا 110واں گروپ

نشان زدہ سوالات (Starred Questions)

جو کہ 10 مارچ 2025ء کو منعقدہ اجلاس کے دوران دریافت کئے جائینگے۔

**Notice Date :** Jan 17, 2025 -- 04:44 PM - Fri
سوال نمبر**Question # 663**
**Sent to Dept Date:** Feb 13, 2025 Thu
**جناب حامد الرحمان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر خزانہ ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ وفاقی حکومت نے صوبائی حکومت کو ضم شدہ اضلاع (اے آئی پی) کے نام سے مختلف سیکٹرز کی ڈیولپمنٹ کے لئے سالانہ 100 ارب روپے فنڈز کی اجرا کا وعدہ کیا تھا

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:۔

(i) مذکورہ بالا مد میں سال 2020 سے تاحال کتنی رقم ضم شدہ اضلاع کے لیے صوبے کو موصول ہوئی ہے۔ سیکٹر وائز، ڈسٹرکٹ وائز اور ائیر وائز مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

(ii) ضم شدہ اضلاع میں مذکورہ فنڈز کی تقسیم کس فارمولے کے تحت ہوئی ہے۔ مذکورہ فنڈز کے یکساں اور منصفانہ تقسیم کیلئے کوئی مانیٹرنگ سسٹم بنایا گیا ہے یا نہیں تفصیل فراہم کی جائے۔

(iii) مذکورہ موصول شدہ فنڈز ضم شدہ اضلاع کے علاوہ کسی دوسرے بندوبستی اضلاع میں استعمال ہوا ہے اگر ہوا ہو تو کہاں کہاں پر؟ خرچ شدہ فنڈز کی تفصیل فراہم کی جائے۔

(iv) سال 2020 سے تاحال وفاقی حکومت کے ذمے کتنا فنڈ سالانہ واجب الادا ہے۔ صوبائی حکومت نے متذکرہ فنڈز کے حصول کے لیے کون کونسے اقدامات اٹھائیں ہیں۔ اس کی مکمل تفصیل سمیت خط و کتابت کی کاپیاں بھی فراہم کیا جائے۔

**Notice Date :** Feb 04, 2025 -- 04:40 PM - Tue
سوال نمبر**Question # 647**
**Sent to Dept Date:** Feb 13, 2025 Thu
**جناب رجب علی خان عباسی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر برائے محکمہ آبپاشی ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ یونین کونسل گڑھی پھلگراں تحصیل حویلیاں کی آبادی کیالہ ڈیم کی وجہ سے بہت زیادہ متاثر ہوئی ہیں۔

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ متاثرین علاقہ کو معاوضے کی مکمل ادائیگیاں نہیں کی گئی۔

(ج) اگر (الف) اور (ب) کے جوابات اثبات میں ہو تو جن متاثرین کو اب تک ادائیگی ہوئی ہے۔ ان کی تفصیل اور جن کو ادائیگی نہیں ہوئی ان کی تفصیل علیحدہ علیحدہ فراہم کی جائیں۔

**Notice Date :** Feb 04, 2025 -- 04:41 PM - Tue
سوال نمبر**Question # 648**
**Sent to Dept Date:** Feb 13, 2025 Thu
**جناب رجب علی خان عباسی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر برائے محکمہ آبپاشی ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ کیالہ ڈیم ضلع ایبٹ آباد میں گڑھی پھلگراں کے مقام پر بنایا گیا ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

(i) کیالہ ڈیم کی تعمیر کب شروع ہوئی تھی؟ مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

(ii) اس ڈیم کا کل تخمینہ لاگت کتنا ہے؟

(iii) اب تک مذکورہ ڈیم پر کل کتنی رقم خرچ کی گئیں ہیں؟ مکمل تفصیل فراہم کی جائے، نیز مذکورہ ڈیم کی تکمیل کی تاریخ اور اب تک خرچ شدہ اخراجات کی تفصیل فراہم کی جائیں۔

**Notice Date :** Feb 04, 2025 -- 04:42 PM - Tue
**Question # 657**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Feb 13, 2025 Thu
**جناب رجب علی خان عباسی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر برائے محکمہ آبپاشی ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ کیالہ ڈیم ایبٹ آباد کے لئے زمین Land Acquisition Act,1894 کے تحت مارکیٹ ریٹ پر خریدی گئیں تھیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو اتنی زیادہ لاگت آنے کے باوجود مذکورہ ڈیم ناکام کیوں ہوا۔ ناکامی کے وجوہات کی تفصیل فراہم کی جائیں۔

**Notice Date :** Feb 10, 2025 -- 04:20 PM - Mon
**Question # 655**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Feb 13, 2025 Thu
**جناب احسان اللہ خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر برائے محکمہ آبپاشی ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ گومل زام ڈیم منصوبہ محکمہ ہذا کے زیر انتظام آتا ہے؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ اس منصوبے کے تحت پٹوار کورس کی تربیت دی گئی ہے۔

(ج) اگر (الف) اور (ب) کے جوابات اثبات میں ہو تو جن افراد نے کورس مکمل کیا ہے، آیا ان سے امتحان لیا گیا اور اگر تاحال امتحان نہیں لیا گیا تو اس کے وجوہات کیا ہیں۔ نیز کورس کرنے والوں سے کب تک امتحان لیا جائے گا، مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

# صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ خیبر پختونخوا

پانچویں اجلاس کا 111 واں گروپ

نشان زدہ سوالات (Starred Questions)

جو کہ 11 مارچ 2025ء کو منعقدہ اجلاس کے دوران دریافت کئے جائینگے۔

**Notice Date :** Jun 10, 2024 -- 10:04 AM - Mon
**Question # 202** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jun 13, 2024 - Thu
**Mr Mushtaq Ahmad Ghani, Member Provincial Assembly**
Will the Minister for Elementary & Secondary Education states that:
(a) Is it true that procurement have made in the Caretaker Government from January 2023 to 27th February 2024?
(b) If the answer is in affirmative then please provide detail in the following manner:-
i. S No.
ii. Department
iii. District wise procuring entity.
iv. Nature of procurement ( works/ services/ etc)
v. quantity of items procured
vi. Worth / cost of the procurement
vii. Source of funding ( ADP/ regular budget / own source accounts/ foreign funded projects / etc

**Notice Date :** Jun 10, 2024 -- 10:30 AM - Mon
**Question # 192**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jun 13, 2024 - Thu
**جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر برائے اعلیٰ تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیایہ درست ہے کہ سالانہ ترقیاتی پروگرام 21-2020 میں نئے گورنمنٹ ڈگری کالجز کے قیام کیلئے فزیبلٹی سٹڈی کا منصوبہ شامل کیا گیا تھا

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو محکمہ ضلع ڈیرہ اسماعیل خان کے کن کن حلقوں میں گورنمنٹ ڈگری کالجز قائم کرنا چاہتا ہے تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 10, 2024 -- 10:37 AM - Mon
**Question # 194**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jun 14, 2024 - Fri
**جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر برائے اعلیٰ تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(ا) آیایہ درست ہے کہ گومل یونیورسٹی ڈیرہ اسماعیل خان کے بیشتر ملازمین کے پنشن کیسز التواء میں پڑے ہوئے ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو۔

(i) گومل یونیورسٹی ہر سال پنشن کی مد میں کتنی رقم خرچ کرتی ہے؟

(ii) اب تک پنشن کی مد میں کتنے ملازمین کے کیسز زیر التواء ہیں۔

(iii) پنشن کی مد میں زیر التواء کیسز کے ملازمین کے نام اور ان کے بقایاجات کی تفصیلات فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 10, 2024 -- 10:49 AM - Mon
**Question # 177**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jun 12, 2024 - Wed
**جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر بین الصوبائی رابطہ ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیایہ درست ہے کہ آئین کے تحت مشترکہ مفادات کونسل کے ہر سال متعین شدہ وقت میں اجلاس منعقد ہوتے ہیں؟

(ب) آیایہ بھی درست ہے کہ وزیراعظم کسی صوبے کی درخواست پر مشترکہ مفادات کونسل کا اجلاس ہنگامی بنیادوں پر بھی بلا سکتا ہے؟

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو

(i) سال 2018، 2019 اور 2020 میں مشترکہ مفادات کونسل کے متعین شدہ وقت میں کتنے اجلاس منعقد ہوئے ہیں سالانہ تفصیل فراہم کی جائے

(ii) سال 2018 سے 2020 تک صوبے کی درخواست پر کتنے اجلاس بلائے گئے ہیں سالانہ تفصیل فراہم کی جائے۔

(iii)مذکورہ تمام منعقد شدہ اجلاسوں میں کون سے فیصلے کئے گئے ہیں ہر ایک اجلاس کا ایجنڈا اور اس کی روداد فراہم کی جائے

(iv)اب تک ان منعقد شدہ اجلاسوں میں کئے گئے فیصلوں پر کتنا عملدرآمد ہوا ہے اس کی تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Oct 16, 2024 -- 02:42 PM - Wed

**Question # 526**سوال نمبر

**Sent to Dept Date:** Oct 21, 2024 - Mon

**محترمہ عاصمہ عالم صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر ابتدائی وثانوی تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)ضلع صوابی میں موجود زنانہ ومردانہ سکولوں کی کل تعداد کتنی ہے؟

(ب)ان سکولوں میں اساتذہ اور طلباء وطالبات کی کل تعداد اور سکول وائز تفصیل فراہم کی جائے نیز مذکورہ سکولوں میں دستیاب سہولیات اور سہولیات کی کمی کی تفصیل بھی فراہم کی جائے؟

**Notice Date :** Oct 29, 2024 -- 04:00 PM - Tue

**Question # 558**سوال نمبر

**Sent to Dept Date:** Nov 04, 2024 - Mon

**جناب مشتاق احمد غنی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر ابتدائی وثانوی تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)جنوری 2024ء سے اب تک ضلع ایبٹ آباد میں پی ایس ٹی، سی ٹی، ایس ایس ٹی (جنرل)، ڈی ایم اور ایس ایس اساتذہ کی تمام ٹرانسفرز کی تفصیلات اوران کے ٹرانسفر آرڈرز کی کاپیاں فراہم کی جائے اور یہ بھی بتایا جائے کہ یہ ٹرانسفرز کن حکام کی سفارش پر اور کس طریقہ کار کے تحت کی گئی ہیں؟

(ب)E-Transfer کا نظام آنے سے پہلے کی گئی تمام ٹرانسفرز کی تفصیل اور جس قانونی طریقہ کار کے تحت یہ ٹرانسفرز کئے گئے ان کی معلومات بھی فراہم کی جائے؟

**Notice Date :** Nov 11, 2024 -- 04:01 PM - Mon

**Question # 574**سوال نمبر

**Sent to Dept Date:** Nov 20, 2024 - Wed

**جناب محمد نثار صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر برائے اعلیٰ تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)ضم اضلاع میں کالجوں کی تفصیل ضلع وار فراہم کی جائے اوران میں زیر تعلیم طلباء وطالبات کی تعداد کالج وار فراہم کی جائے۔

(ب)ضلع باجوڑ میں طلباء وطالبات کے کتنے کالجز کن کن علاقوں میں موجود ہیں، آیا یہ کالجز طلباء وطالبات کے تناسب سے کافی ہیں؟ نیز داخلہ کے لیے کیالائحہ عمل اور طریقہ کار ہے۔ مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Nov 13, 2024 -- 09:01 AM - Wed

**Question # 576**سوال نمبر

**Sent to Dept Date:** Nov 20, 2024 - Wed

**جناب محمد نثار صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر ابتدائی وثانوی تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)ضلع باجوڑ میں موجودہ وقت سکولوں کی تعداد کتنی ہے؟ سکول کا نام اور جگہ کا نام بتایا جائے۔

(ب)مذکورہ سکولوں میں اساتذہ کی تعداد سکول وائز فراہم کی جائے۔

(ج)تمام سکولوں میں طلباء کی مکمل تعداد سکول وائز اور ٹوٹل فراہم کی جائے؟

(د)موجودہ وقت تمام سکولوں میں خالی آسامیوں کی تعداد بمعہ کیٹگری فراہم کی جائے اور شرح خواندگی کا کیا تناسب ہے تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Nov 13, 2024 -- 09:04 AM - Wed

**Question # 566**سوال نمبر

**Sent to Dept Date:** Nov 15, 2024 - Fri

**جناب محمد نثار صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر خوراک ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)گزشتہ 5 سالوں کے دوران کتنی گندم کہاں کہاں سے خریدی گئی اور کہاں کہاں فروخت کی گئی؟ اور موجودہ وقت کتنی گندم گوداموں میں موجود ہیں؟ گودام وائز تفصیل فراہم کی جائیں۔ نیز 5 سالوں کے دوران مذکورہ خرید وفروخت میں نفع ونقصان کی بھی تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Nov 14, 2024 -- 02:30 PM - Thu
**Question # 573**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Nov 20, 2024 - Wed
**جناب ارباب محمد عثمان خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر برائے اعلیٰ تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیایہ درست ہے کہ باڑہ گلی کیمپس محکمہ ہذا کے زیر نگرانی ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

(i) باڑہ گلی کیمپس کی موجودہ حیثیت کیا ہے، اس میں کون کون سی سرگرمیاں ہو رہی ہیں اور کتنی اراضی پر محیط ہے۔

(ii) کیمپس سے سالانہ کتنی آمدن حاصل ہوتی ہے اور کس طریقہ کار کے تحت محکمہ خزانہ میں جمع کی جاتی ہے؟

(iii) سال 2018 سے تاحال مذکورہ کیمپس میں ہونے والی تعلیمی سرگرمیوں پر اُٹھنے والے اخراجات اور کیمپس سے حاصل ہونے والی آمدن کی مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Nov 18, 2024 -- 10:00 AM – Mon
**Question # 578**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Nov 20, 2024 - Wed
**جناب محمد ریاض صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر ابتدائی وثانوی تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) حکومت نے سال 2019ء سے 2024ء تک PK-95 اور PK-96 میں کتنے سکولوں کو پرائمری سے مڈل، مڈل سے ہائی، اور ہائی سے ہائیر سیکنڈری میں اپ گریڈ کیا ہے؟ اس کی تفصیل فراہم کی جائے۔

(ب) اسی دوران مذکورہ حلقوں میں کتنے نئے سکول قائم کئے گئے ہیں؟ اس کی بھی تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Nov 18, 2024 -- 10:01 AM - Mon
**Question # 579**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Nov 26, 2024 - Tue
**جناب محمد ریاض صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر برائے اعلیٰ تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیایہ درست ہے کہ سال 21-2020ء میں ضلع لوئر کرم میں گورنمنٹ ڈگری کالج کی منظوری ہوئی تھی؟

(ب) اگر (الف) کا جواب مثبت میں ہو تو مذکورہ کالج کے لیے ٹینڈر ہوا ہے تو اب کس مرحلے میں ہے، اگر نہیں ہوا تو وجوہات کی مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

# صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ خیبر پختونخوا

پانچویں اجلاس کا 112 واں گروپ

## نشان زدہ سوالات (Starred Questions)

جو کہ 12 مارچ 2025ء کو منعقدہ اجلاس کے دوران دریافت کئے جائینگے۔

**Notice Date :** Jun 11, 2024 -- 11:26 AM - Tue
**Question # 211** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jun 13, 2024 - Thu
**جناب ارباب محمد عثمان خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر بلدیات از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ حکومت کی طرف سے ڈپٹی کمشنر کی زیر نگرانی پشاور کے ہر صوبائی حلقہ میں 1000 (ہزار) مستحق افراد میں 10000 (دس ہزار) روپے بطور رمضان پیکج دیا گیا ہے؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ ڈپٹی کمشنر پشاور کے دفتر سے جاری کردہ اعلامیہ کے مطابق ہر ویلج کونسل / نیبر ہوڈ کونسل کی سطح پر ایک کمیٹی بنائی گئی جس میں ایک متعلقہ حلقے کا منتخب ممبر صوبائی اسمبلی کا فوکل پرسن بھی تھا؟

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو

(i) ویلج / نیبر ہوڈ کونسل پی کے 75 میں فوکل پرسنز کس کے کہنے پر نامزد کیے گئے ہیں تفصیل فراہم کی جائے

(ii) پی کے 75 میں کل کتنے افراد کو کتنی کتنی رقوم ادا کی گئی ہیں تمام افراد کے نام، ولدیت، شناختی کارڈ نمبر، پتہ، اکاونٹ نمبر اور ویلج کونسل سطح پر فوکل پرسن کی مکمل تفصیلات فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jul 03, 2024 -- 10:47 AM - Wed
**Question # 323** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 22, 2024 - Mon
**Mr Ahmad Kundi, Member Provincial Assembly**

Will the Minister for Law state that:
(a) It is true that the department enacted laws/acts from time to time related to the department/attached departments and subordinate bodies & authorities?
(b) Whether the latest copies of each of the enacted Acts are available on the official website of the department / subordinate department? If so the details there of, if not the reasons there of:
(c) Is it the fact that the department or its subordinate departments who were required to frame the rules under the enacted Acts. Despite the passage of years they have not been framed such rules? If so the reasons there of :
(i) What steps are being taken to make laws in line with the above Acts at an earliest?

**Notice Date :** Jul 03, 2024 -- 10:58 AM - Wed
**Question # 331** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 22, 2024 - Mon
**جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر بلدیات از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ اربن ایریا ڈیویلپمنٹ اتھارٹی (UADA) ڈیرہ اسماعیل خان کے پانچویں بورڈ کی میٹنگ کے ایجنڈا آئٹم نمبر 21 میں پلاٹوں کی نیلامی کی متفقہ طور پر منظوری دی گئی تھی؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ نیلام شدہ پلاٹوں کی رقم سے پراجیکٹ ڈائریکٹر، ڈیرہ ڈیویلپمنٹ اتھارٹی ڈیرہ اسماعیل خان کیلئے نئی گاڑی کی خریداری سمیت اُس کے دفتر کی تزئین و آرائش بھی کی گئی ہے؟

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو مذکورہ رقم سے نئی گاڑی کی خریداری اور دفتر کی تزئین و آرائش کے لئے رقم کی ادائیگیاں کس کے حکم پر کی گئی ہیں؟ تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jul 30, 2024 -- 05:38 PM - Tue
**Question # 370**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Aug 08, 2024 - Thu
**جناب جلال خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر بلدیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیایہ درست ہے کہ اے ڈی پی سال2018 سے لیکر2022 تک پشاور کی خوبصورتی کی مد میں کوئی رقم مختص کی گئی تھی؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو

(i) مذکورہ مد میں کل کتنی رقم مختص کی گئی تھی اس رقم سے پشاور کی خوبصورتی کیلئے کون کونسے منصوبے پایا تکمیل تک پہنچے ہیں اور کتنے باقی ہیں؟

(ii) مکمل شدہ منصوبوں میں کتنی بچت ہوئی ہے تفصیل فراہم کی جائے۔

(iii) مذکورہ مکمل شدہ ہر ایک منصوبے کے پی سی ون، ٹینڈرز، ورک آرڈر اور تحریری مصدقہ دستاویزات کی کاپیاں فراہم کی جائیں۔

**Notice Date :** Jul 30, 2024 -- 05:39 PM - Tue
**Question # 375**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Aug 08, 2024 - Thu
**جناب جلال خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر بلدیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیایہ درست ہے کہ PDA نے پشاور میں ریگی ماڈل ٹاؤن کے نام سے ایک منصوبہ شروع کیا تھا؟

(ب) آیایہ بھی درست ہے کہ مذکورہ منصوبے کے پانچ زونز میں سے 3 زونز ابھی تک نامکمل ہیں؟

(ج) آیایہ بھی درست ہے کہ PDA پچھلے 25 سالوں سے سرکاری ملازمین اور عام لوگوں سے فائل کی ٹرانسفر پر فیس لے رہی ہے؟

(د) اگر (الف) تا (ج) کے جوابات اثبات میں ہوں تو PDA نے سال 2010 سے جون 2022 تک 3 نامکمل زونز میں فائل کی ٹرانسفر پر کتنی رقم وصول کی ہے۔ سال وائز تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jul 30, 2024 -- 05:40 PM - Tue
**Question # 376**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Aug 08, 2024 - Thu
**جناب جلال خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر بلدیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیایہ درست ہے کہ پشاور کی ترقی کے لیے ایک ادارہ پی ڈی اے کے نام سے موجود ہے؟

(ب) آیایہ بھی درست ہے کہ مذکورہ ادارہ پشاور میں رہائشی سکیموں کے بنانے کا بھی ذمہ دار ہے؟

(ج) آیایہ بھی درست ہے کہ مذکورہ ادارے کے ملازمین کو مختلف ترقیاتی سکیموں میں رہائشی پلاٹس بھی ملتے ہیں؟

(د) اگر (الف) تا (ج) کے جوابات اثبات میں ہوں تو:۔

(i) حیات آباد اور ریگی ماڈل ٹاؤن میں PDA کے ملازمین کو جتنے پلاٹس اب تک ملے ہیں ان ملازمین کے نام، پلاٹس کے سائز اور پلاٹس کی لوکیشن کی تفصیلات فراہم کی جائیں۔

(ii) مذکورہ پلاٹس کی منتقلی پر ملازمین سے کتنی ادائیگیاں وصول کی گئی تفصیل فراہم کی جائیں۔

**Notice Date :** Jul 30, 2024 -- 05:41 PM – Tue
**Question # 377**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Aug 08, 2024 - Thu
**جناب عبدالغنی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر بلدیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) دسمبر 2012 تک پی ڈی اے میں کل کتنے ملازمین تھے؟

(ب) جنوری 2013 سے لے کر اب تک کل کتنے ملازمین بھرتی ہوئے ہیں؟

(ج) مذکورہ ملازمین کے نام، سکیل، اور تنخواہ کے علاوہ کون سی مراعات لیتے ہیں۔ بمعہ افسران صاحبان کے مکمل تفصیل فراہم کیا جائے۔

(د) پی ڈی اے میں گریڈ 17 کے جن افسران کے پاس سرکاری گاڑیاں ہیں۔ ان کی بھی لسٹ فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jul 30, 2024 -- 05:42 PM - Tue
**Question # 379**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Aug 08, 2024 - Thu
**جناب جلال خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر بلدیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)پی ڈی اے کے زیر ملکیت پشاور میں کل کتنے پلازے ہیں؟

(ب)ہر پلازے میں کتنے فلور ہیں اور ہر فلور میں کل کتنی دوکانیں ہیں؟

(ج)ہر دوکان کا کرایہ، دوکان دار کا نام، پتہ اور اس دوکان میں کیا کاروبار کر رہا ہیں تفصیل فراہم کی جائے

**Notice Date :** Jul 30, 2024 -- 05:43 PM - Tue
**Question # 380**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Aug 08, 2024 - Thu
**جناب جلال خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر بلدیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(لف)پی ڈی اے کے زیر ملکیت کل کتنے رہائشی مکانات ہیں؟

(ب)مذکورہ گھروں کو کس کس کے نام پر آلاٹ کیا گیا ہے؟ آلاٹی کا نام، شناختی کارڈ کی کاپی اور پتہ اور ہر گھر کا کرایہ کتنا ہے تفصیل فراہم کی جائے۔

(ج)مذکورہ آلاٹ شدہ گھر کتنے کتنے مرلوں پر مشتمل ہیں۔

(د)پی ڈی اے کے گریڈ 17 سے اوپر کے آفسران کے پاس جو گھر ہیں وہ کتنے کتنے مرلوں کے ہیں اور ان سے کتنا کرایہ وصول کیا جاتا ہے، تفصیل فراہم کی جائیں۔

**Notice Date :** Aug 01, 2024 -- 11:36 AM - Thu
**Question # 383**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Aug 08, 2024 - Thu
**جناب سجاد اللہ صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر زراعت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیا یہ درست ہے کہ محکمہ کی طرف سے پورے علاقے کے لئے صرف ایک ہی ڈائریکٹر کی آسامی ہے؟

(ب)آیا یہ بھی درست ہے کہ ضلع کوہستان میں محکمہ زراعت کا کوئی بھی دفتر نہیں ہے؟ آیا بغیر دفاتر کے محکمہ زراعت کے سرکاری امور انجام دیئے جاسکتے ہیں؟

(ج)اگر (الف)و(ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو

(i)ضلع کوہستان میں ایک ڈائریکٹر کس طرح پورے ضلع کے امور چلا رہے ہیں؟

(ii)محکمہ زراعت ضلع کوہستان میں تمام ضروری دفتر کا قیام کب تک عمل میں لایا جائے گا اور ضروری سٹاف کی کمی کب تک پوری کی جائے گی؟

(iii)سال 2014 سے تاحال تمام (sanction posts) منظور شدہ آسامیوں میں سے خالی آسامیوں کی تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Aug 02, 2024 -- 05:40 PM - Fri
**Question # 398**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Aug 08, 2024 - Thu
**جناب عدنان خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر بلدیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)2023-24 کے سالانہ ترقیاتی منصوبہ میں محکمے کے لئے کل کتنی رقم مختص کی گئی تھی اور اس میں ہر ضلع اور تحصیل کے لیے کتنا کتنا فنڈز مختص تھا؟

(ب)مذکورہ فنڈز میں سے کتنی رقم جاری کی گئی اور کتنی رقم خرچ ہوئی اور کتنی لیپس ہوئی۔ ضلع وار اور تحصیل وار تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Aug 06, 2024 -- 03:36 PM - Tue
**Question # 399**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Aug 13, 2024 - Tue
**جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر بلدیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیا یہ درست ہے کہ ڈیڈک ایکٹ کے مطابق خیبر پختونخوا کے مختلف اضلاع میں چیئرمینوں کا انتخاب کرنا حکومت کی ذمہ داری ہے؟

(ب)آیا یہ بھی درست ہے کہ خیبر پختونخوا کے مختلف اضلاع میں ڈیڈک چیئرمینوں کا انتخاب کر لیا گیا ہے؟

(ج)اگر (الف)و(ب) کا جوابات اثبات میں ہوں تو:۔

(i)صوبے کے کتنے اضلاع میں ڈیڈک چیئرمینوں کا انتخاب عمل میں لایا جاچکا ہے؟۔

(ii)کتنے اضلاع میں مذکورہ ڈیڈک چیئرمینوں کا انتخاب تاحال عمل میں نہیں لایا گیا وجوہات بیان کی جائیں۔

**Notice Date :** Nov 11, 2024 -- 04:00 PM - Mon
**Question # 596**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Dec 03, 2024 - Tue
**جناب محمد نثار صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر مواصلات وتعمیرات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیا یہ درست ہے کہ محکمہ کے زیر نگرانی ضم اضلاع کے مختلف سڑکوں کے منصوبوں کیلئے غیر ملکی قرضہ مختص کیا گیا تھا؟

(ب)اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

(i)گزشتہ پانچ سالوں کے دوران محکمہ کے زیر نگرانی کتنا غیر ملکی فنڈ کن کن ضم اضلاع کیلئے منظور ہوا تھا اور کہاں کہاں پر اور کس طریقہ کار کے تحت تاحال خرچ کیا گیا ہے اور کتنا فنڈ ابھی بھی موجود ہے؟ تفصیل فراہم کی جائے۔

(ii)مذکورہ عرصہ کے دوران ضلع باجوڑ کیلئے کتنا فنڈ منظور ہوا تھا ان فنڈز سے ضلع باجوڑ میں جن سڑکوں کی تعمیر ومرمت کی گئی ہے ہر ایک کی الگ الگ مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jan 9, 2025 -- 03:31 PM - Thu
**Question # 660**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Feb 13, 2025 Thu
**جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر ماہی پروری (فشریز) ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیا یہ درست ہے کہ سال 2022ء میں فشریز ایکٹ میں مختلف ترامیم کی گئیں ہیں جبکہ رولز ابھی تک زیر التواہیں؟

(ب)اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو، مذکورہ ترامیم نافذ العمل ہونے کی صورت میں سال 2023ء سے تاحال کتنے لائسنس جاری کئے گئے؟ اس کی تفصیل فراہم کی جائے۔

(ج)آل پاکستان فشریز ایکٹ 1961 کے مطابق اینگلنگ لائسنس جو کہ وفاقی حکومت کے ماتحت صوبوں کے ذریعے جاری کئے جاتے رہے ہیں، کیوں تاحال بند کئے گئے؟ اس کی وضاحت کی جائے اور یہ کب تک بحال کئے جائیں گے؟

**Notice Date :** Jan 23, 2025 -- 04:46 PM - Thu
**Question # 661**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Feb 13, 2025 Thu
**جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر آبنوشی ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیا یہ درست ہے کہ جنوری 2025 میں ضلع ڈیرہ اسماعیل خان میں محکمہ کے زیر نگرانی مختلف سکیمیں مکمل ہوئی ہیں؟

(ب)اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو مذکورہ سکیموں کے لئے زمین کن افراد نے دی ہے؟ الاٹ شدہ زمین حکومت یا محکمہ ہذا کے نام پر منتقل ہوئی ہے یا نہیں؟ مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

# صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ خیبر پختونخوا

پانچویں اجلاس کا 113واں گروپ

## نشان زدہ سوالات (Starred Questions)

جو کہ 13 مارچ 2025ء کو منعقدہ اجلاس کے دوران دریافت کئے جائینگے۔

**Notice Date :** Oct 08, 2024 -- 07:18 PM - Tue
**Question # 504** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Oct 14, 2024 - Mon
**جناب عدنان خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر منصوبہ بندی و ترقیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ پی اینڈ ڈی میں سرکاری گاڑیاں موجود ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

(i) مذکورہ گاڑیوں میں کتنی گاڑیاں کرنٹ بجٹ سے خریدگئی ہیں اور کتنی گاڑیاں پراجیکٹس کے فنڈ سے خریدی گئی ہیں؟ آیا مذکورہ گاڑیاں محکمہ انتظامیہ کی ریکارڈ پر موجود ہیں؟

(ii) مذکورہ گاڑیوں پر پٹرول اور مرمت کی مد میں کرنٹ اور پراجیکٹس بجٹ سے ماہانہ کتنا خرچہ ہو رہا ہے تفصیل فراہم کی جائے؟

**Notice Date :** Oct 08, 2024 -- 07:20 PM - Tue
**Question # 508** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Oct 14, 2024 - Mon
**جناب عدنان خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر منصوبہ بندی و ترقیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ پی اینڈ ڈی ڈیپارٹمنٹ میں بہت سارے پروجیکٹ ایڈیشنل چارج پر سالہا سال سے چلائے جا رہے ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو موجودہ مالی سال 2024-25 میں رورل ڈیولپمنٹ سیکشن میں کل کتنے پروجیکٹس ہیں جو ایڈیشنل چارج پر دیئے گئے ہیں۔

**Notice Date :** Oct 09, 2024 -- 02:20 PM - Wed
**Question # 517** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Oct 14, 2024 - Mon
**محترمہ عاصمہ عالم صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر صحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) ضلع صوابی تحصیل ٹوپی کے سول ہیڈکوارٹر ہسپتال، میں اس وقت کتنا عملہ موجود ہے اور کن کن آسامیوں پر خدمت سرانجام دے رہے ہیں؟

(ب) مذکورہ ہسپتال میں روزانہ کی بنیاد پر کتنے مریضوں کو کون کون سی بیماریوں کے علاج کی سہولیات فراہم کی جارہی ہیں؟

(ج) مذکورہ ہسپتال میں تعینات ڈاکٹروں کی اور ڈاکٹروں کی خالی آسامیوں کی مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

(د) مذکورہ ہسپتال میں بھرتی شدہ ڈاکٹرز اور دیگر سٹاف جو ڈیپوٹیشن پر دوسری جگہ پر کام کر رہے ہیں کی تفصیل فراہم کی جائے۔

(ہ) ڈیپوٹیشن پر گئے ہوئے ڈاکٹرز کی جگہ کوئی اور کام کر رہا ہو کی بھی تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Oct 18, 2024 -- 11:55 AM - Fri
**Question # 531** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Oct 29, 2024 - Tue
**جناب محمد نثار صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر صحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ باجوڑ کٹیگری A ہسپتال میں بنیادی سہولیات کے فقدان کی وجہ سے ہسپتال میں اینٹی سنسلک ویکسین (Anti Cinclic Vaccine) اور (Anti Rabies Vaccine) باؤلے کتے کے کاٹے کی ویکسین موجود نہیں اور نہ ہی اس کے لیے فنڈ مختص کیا گیا ہے؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ آکسیجن A09410- کی مد میں بھی گزشتہ دو (2) سالوں کے دوران کوئی فنڈ نہیں رکھا گیا ہے؟

(د) اگر (الف) اور (ب) کے جوابات اثبات میں ہو تو مذکورہ ہسپتال میں مذکورہ ویکسینز کب تک فراہم کی جائے گی نیز فنڈز کب تک فراہم کئے جائینگے مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Oct 18, 2024 -- 11:56 AM - Fri
سوال نمبر**Question # 532**
**Sent to Dept Date:** Oct 29, 2024 - Tue
جناب محمد نثار صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر صحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال خار ضلع باجوڑ میں تعینات ڈاکٹروں اور دیگر عملہ کی تفصیل فراہم کی جائے نیز کتنے ڈاکٹروں اور دیگر عملہ کی آسامیوں تاحال خالی ہیں؟

(ب) مذکورہ ہسپتال میں ڈاکٹروں اور دیگر عملہ کی کمی کو کب تک پورا کیا جائے گا نیز خالی آسامیوں پر تاحال تعیناتی کیوں عمل میں نہیں لائی گئی مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Oct 21, 2024 -- 04:31 PM - Mon
سوال نمبر**Question # 529**
**Sent to Dept Date:** Oct 29, 2024 - Tue
محترمہ شہلا بانو صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر صحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ صوبے میں ڈاکٹر صاحبان اپنے ذاتی مطب میں مریضوں کا مہنگے داموں علاج کرتے ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو ذاتی مطب کی اجازت کس قانون کے تحت کن حکام کے احکامات پر دی جاتی ہے نیز جو فیس وصول کرتے ہیں اس کا تعین کون کرتا ہے کیا اس کیلئے کوئی سرکاری سطح پر پیمانہ مقرر کیا گیا ہے۔ مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Oct 21, 2024 -- 04:33 PM - Mon
سوال نمبر**Question # 540**
**Sent to Dept Date:** Oct 29, 2024 - Tue
محترمہ شہلا بانو صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر عملہ ازراہ کرم یہ ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) سال 2021ء سے اب تک کمشنر ہزارہ ڈویژن اور اس کے ماتحت عملہ کو تنخواہوں اور غیر تنخواہوں کے مد میں کتنا فنڈ ملا ہے؟ اسکی سالانہ وار تفصیل فراہم کی جائے نیز ان فنڈز کے سالانہ اخراجات کی بھی تفصیل دی جائے؟

**Notice Date :** Oct 22, 2024 -- 05:15 PM – Tue
سوال نمبر**Question # 544**
**Sent to Dept Date:** Oct 29, 2024 - Tue
جناب افتخار علی مشوانی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر داخلہ ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ الیکشن کمیشن کی جانب سے الیکشن ڈیوٹیاں سرانجام دینے والے پولیس اہلکاروں کے لئے معاوضوں کی مد میں محکمہ داخلہ کو رقم ملتی ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو کس طریقہ کار کے تحت پولیس کے جوانوں اور افسران میں معاوضہ تقسیم کی جاتی ہے نیز 2013، 2018 اور 2024 کے الیکشن میں کتنے پولیس فورس کی ڈیوٹی لگائی گئی اور ان کو معاوضہ ادا کیا گیا ہے ان تینوں الیکشن کے دوران پولیس کو ادا کی گئی معاوضوں کی تفصیل علیحدہ علیحدہ فراہم کرے۔

**Notice Date :** Oct 23, 2024 -- 10:30 AM - Wed
سوال نمبر**Question # 538**
**Sent to Dept Date:** Oct 29, 2024 - Tue
محترمہ ریحانہ اسماعیل صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر صحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) پشاور پولیس سروسز ہسپتال میں سی۔ٹی سکین مشین کب فراہم کی گئی اور روزانہ کی بنیاد پر اس مشین کے ذریعے کتنے مریضوں کو سہولت دی جارہی ہے۔ سال 2018ء سے تاحال مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Oct 23, 2024 -- 10:45 AM - Wed
سوال نمبر**Question # 543**
**Sent to Dept Date:** Oct 29, 2024 - Tue
جناب محمد ریاض صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر صحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) ضلع کرم کی تحصیل سنٹرل کرم ہسپتال کا پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کا ٹھیکہ کس این جی او کو کس قواعد وضوابط کے تحت دیا گیا ہے نیز این جی او نے اس میں اپنی کتنی سرمایہ کاری کی ہے۔ معاہدوں کی کاپیاں اور مکمل تفصیل فراہم کی جائیں۔

**Notice Date :** Oct 24, 2024 -- 04:30 PM – Thu
**Question # 552**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Nov 04, 2024 - Mon
جناب عدنان خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر صحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ غیر قانونی کلینکس، نرسنگ ہومز اور ڈاکٹرز کے غیر قانونی نیم بورڈز کے خلاف کارروائیاں عمل میں لائی گئیں ؟

(ب) اگر (الف) کا جواب مثبت میں ہو تو پچھلے پانچ سالوں میں مذکورہ خلاف ورزیوں کے خلاف کتنی کاروائیاں کی گئیں ہیں اور اس کے کیا نتائج مرتب ہوئے ہیں، مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Oct 24, 2024 -- 04:34 PM - Thu
**Question # 553**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Nov 04, 2024 - Mon
جناب عدنان خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر صحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ صوبے میں زیادہ تر میڈیکل ڈاکٹرز (نان پریکٹسنگ الاونس) لینے کے باوجود پرائیوٹ پریکٹس کر رہے ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب مثبت میں ہو تو مذکورہ ڈاکٹروں کی مکمل تفصیل فراہم کی جائے نیز ان کے خلاف کیا کارروائی عمل میں لائی گئی ہے۔

**Notice Date :** Oct 24, 2024 -- 05:30 PM – Thu
**Question # 556**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Nov 04, 2024 - Mon
جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر ثقافت وسیاحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ سال 2019ء میں کلچر وٹورازم اتھارٹی بنائی گئی تھی اور اُس وقت محکمہ کلچر وٹورازم کے جتنے بھی تمام مستقل ملازمین تھے وہ سرپلس کیے گئے تھے؟

(ج) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

(i) سرپلس ملازمین کی تعداد کیا ہے، ان میں سے کتنے ملازمین کو دوبارہ محکمے میں ایڈجسٹ کیا گیا ہے، اور برطرف کنٹریکٹ ملازمین کی تعداد کتنی ہے ؟ اسکی تفصیل فراہم کی جائے

(ii) نیز سرپلس ملازمین کی کلچر وٹورازم اتھارٹی میں واپسی کیلئے اٹھائے گئے اقدامات کی تفصیل فراہم کی جائے۔

# صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ خیبر پختونخوا

پانچویں اجلاس کا 114واں گروپ

## نشان زدہ سوالات (Starred Questions)

جو کہ 14 مارچ 2025ء کو منعقدہ اجلاس کے دوران دریافت کیئے جائینگے۔

**Notice Date :** Aug 01, 2024 -- 11:31 AM - Thu
**Question # 374** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Aug 08, 2024 - Thu
**جناب سجاد اللہ صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر مال ازراہ کرم اشاد فرمائیں گے کہ

(الف) تحصیل بنکٹھ رنولیہ کو تحصیل کا درجہ کب دیا گیا؟

(ب) مذکورہ تحصیل میں انتظامیہ کے دفاتر کا کام تاحال کیوں عمل میں نہیں لایا گیا ہے۔ وجوہات بیان کئے جائیں۔

(ج) اگر تحصیل ہذا میں انتظامیہ کی دفاتر موجود ہیں تو ان میں فعال اور غیر فعال دفاتر کی تعداد بتائی جائے۔

**Notice Date :** Aug 01, 2024 -- 11:33 AM - Thu
**Question # 394** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Aug 08, 2024 - Thu
**جناب سجاد اللہ صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر ٹیکنیکل ایجوکیشن ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) ضلع کوہستان تحصیل پٹن میں محکمہ ہذا کی زیر نگرانی کتنے سنٹرز موجود ہیں اور کتنے Tevta کے ماتحت کام کر رہے ہیں؟

(ب) مذکورہ سنٹرز کہاں کہاں پر کام کر رہے ہیں اور ان سنٹرز میں کتنا سٹاف ہے اور کہاں کہاں تعینات ہے اور کون کون سی پوسٹ پر ڈیوٹی سرانجام دے رہے ہیں؟

(ج) نیز محکمہ ہذا کی زیر نگرانی لوئر کوہستان خصوصاً پٹن میں فعال اور غیر فعال دفاتر / سنٹرز کی تفصیل بمعہ غیر فعال دفاتر / سنٹرز کی وجوہات اور یہ کب تک فعال ہوں گے؟ تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Aug 06, 2024 -- 03:34 PM - Tue
**Question # 408** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Aug 29, 2024 - Thu
**جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر معدنیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ ہذا میں فیس سٹرکچر وریگولیشن کے لئے MIFA (منرلز انوسٹمنٹ فسیلیٹیشن اتھارٹی) کا قیام عمل میں لایا گیا ہے؟

(ب) اگر (الف) کو جواب اثبات میں ہو تو

(MIFA(i کے ممبران کی تعداد اور عہدے کیا ہے؟ جبکہ اس سے پہلے MIFA کے ممبران کی تعداد اور عہدے کیا تھا؟

(ii) اگر منرلز ایکٹ 2017 اور موجودہ منرلز ایکٹ کے MIFA کے ڈھانچے میں فرق ہے تو عوامی نمائندوں بشمول لیز ہولڈرز کی نمائندوں کو کیوں نکالا گیا ہے؟

**Notice Date :** Aug 06, 2024 -- 03:35 PM - Tue
**Question # 409** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Aug 29, 2024 - Thu
**جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر معدنیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ 600 چالو لیزوں کے ساتھ رائلٹی، آکشن وفیسوں سمیت محکمہ ہذا کی سالانہ ریونیو تقریباً 07 ارب روپے ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو

(i) محکمہ اگر ان بند 3200 لیزوں کے شروع کرنے کے لئے اقدامات اٹھائے تو صوبے کے سالانہ ریونیو میں کتنا اضافہ ممکن ہو گا؟ نیز ان 3200 لیزوں کو شروع کرنے سے تقریباً کتنے لوگوں کو روزگار مل سکتا ہے؟

(ii) کیا محکمہ ہذا ایسی بند لیزوں پر بھی سالانہ ایڈوانس اینول رینٹ لینے کا پابند ہے؟

(iii)، اور یہ کہ ایڈوانس اینول رینٹ لیٹ ہونے پر ماہانہ کتنا جرمانہ وصول کرتے ہیں؟ تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jan 02, 2025 -- 12:50 PM - Thu
**Question # 644**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Feb 13, 2025 Thu
**جناب اکرام اللہ صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیرجنگلات وضاحت فرمائیں گے:

(الف)کیایہ درست ہے کہ محکمہ نے ہزارہ کے علاقے میں ناپید یانایاب پودوں اور جانوروں کی نسلوں کو کامیابی سے دوبارہ متعارف کرایااور بحال کیا ہے؟

(ب)اگر(الف)کا جواب اثبات میں ہو تو:

(i)دوبارہ متعارف کرائی گئی انواع واقسام کے نام، علاقے(ضلع، تحصیل، یونین کونسل)اور دستاویزی یاتصویری ثبوت کی مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

(ii)ان نسلوں کو دوبارہ متعارف کرانے اور بحالی کے اقدامات کی وضاحت کی جائے،اوران پر ہونے والے کل اخراجات کی تفصیل فراہم کی جائے۔

(iii)نایاب پودوں اوران کی نرسریوں کا بریک ڈاؤن، تخمینی اسٹاک،لگائے گئے علاقے،اور پھیلاؤ کی مکمل معلومات فراہم کی جائے۔

(iv)موجودہ اسٹاک اور بحالی کی کامیابی یاناکامی کی وجوہات بیان کی جائیں۔ساتھ ہی ان چیلنجز سے نمٹنے کے لیے جاری کوششوں کی تفصیل بھی دی جائے۔

**Notice Date :** Jan 17, 2025 -- 12:26 PM - Fri
**Question # 664**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Feb 13, 2025 Thu
**جناب احسان اللہ خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیرمال ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیایہ درست ہے کہ لینڈ کمیشن خیبر پختونخوا کی ملکیتی زمین جو کہ 232 کنال اور 02 مرلے تھی، اس کو( KPEZDMC) Khyber Pakhtunkhwa Economic Zones Development and Management Company کیلئے مختص کی گئی؟

(ب)اگر(الف)کا جواب اثبات میں ہو تو درج بالاز مین کس طریقہ کار کے تحت(KPEZDMC) کو مختص کی گئی ہے۔مکمل تفصیل فراہم کی جائیں۔

**Notice Date :** Jan 17, 2025 -- 12:27 PM - Fri
**Question # 665**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Feb 13, 2025 Thu
**جناب احسان اللہ خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیرمال ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیایہ درست ہے کہ ضلع ڈیرہ اسماعیل خان کے موضع درابن کی زمین دواقسام یعنی قابل کاشت اور غیر ممکن پہاڑ پر مشتمل ہیں؟

(ب) آیایہ بھی درست ہے کہ مندرجہ بالا دونوں اقسام میں KPEZDMC کی ملکیت موجود ہیں۔

(ج)اگر(الف)اور(ب)کے جوابات اثبات میں ہو تو اس تقسیم میں KPEZDMC کو کس قانون کے تحت تمام قابل کاشت زمین دی گئی ہیں۔تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jan 20, 2025 -- 11:52 AM - Mon
**Question # 662**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Feb 13, 2025 Thu
**محترمہ عاصمہ عالم صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر صنعت و حرفت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیایہ درست ہے کہ جدید دور میں فنی تعلیم کو نئے خطوط پر استوار کرنے کی ضرورت ہے؟

(ب)اگر(الف)کا جواب اثبات میں ہو تو:

(i)محکمہ نے کیا کیا عملی اقدامات اٹھائے ہیں؟

(ii)اس کیلئے موجودہ بجٹ میں کتنی رقم مختص کی گئی ہے؟اوراس سے صوبے کی فنی تعلیم پر کیا کیا مثبت اثرات / نتائج مرتب ہونگے؟

(iii)اس ہدف کے حصول کیلئے کوئی خصوصی / فنی کمیٹی تشکیل دی گئی ہے۔کمیٹی کے ممبران کے نام، فنی قابلیت اوراب تک حاصل شدہ کامیابیاں / نتائج کی تفصیل فراہم کی جائے۔